© rasailojaraid.com






● **مکاتیب الکریم**　　مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۳۲۱ صفحات　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ

شیخ التفسیر حضرت مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی مدظلہ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور اکابر علماءِ حق کی نشانیوں میں سے ہیں۔ انھوں نے جن علماء کو دیکھا، جن سے پڑھا اور فیض پایا' اُن کے کارناموں سے دنیا جگمگاتی ہے۔ حضرت مولانا عبدالکریم کلاچوی مدظلہ علم وعمل میں اپنے اساتذۂ کرام اور علماءِ حق کے سچے وارث ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے۔ اُن کی علمی و تحقیقی اور اصلاحی تحریریں ماہنامہ ”القاسم“ اور دیگر دینی رسائل وجرائد میں شائع ہوکر اہلِ ذوق کے استفادے کا باعث بنتی رہتی ہیں۔

مولانا عبدالقیوم حقانی تحقیق ومطالعہ کا خاص ذوق رکھتے ہیں۔ اُن کو یہ سعادت بھی حاصل ہے کہ وہ حضرت مولانا عبدالکریم کلاچوی دامت برکاتہم کے تلمیذِ رشید ہیں۔ ”مکاتیب الکریم“ ایک استاد کے اپنے حقانی شاگرد کے نام لکھے گئے خطوط ہیں۔ مولانا حقانی نے ان خطوط کو بڑی محبت اور خلوص کے ساتھ نہ صرف محفوظ رکھا بلکہ افادۂ عام کے لیے اب شائع بھی کردیا ہے۔ ان مکاتیب میں آپ بیتی بھی ہے اور جگ بیتی بھی۔ اکابر کے ارشادات، فیوض وبرکات کے واقعات، علمی، ادبی، تاریخی، سیاسی اور اصلاحی مواد سے بھرپور یہ کتاب طالبانِ علم کے لیے انمول تحفہ ہے۔ یہ ماہنامہ ”القاسم“ کی گیارہویں خصوصی اشاعت ہے۔ مولانا عبدالقیوم حقانی اور ماہنامہ ”القاسم“ کی مجلس ادارت اس خدمت پر مبارک باد کی مستحق ہے۔

● **محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دل رُبا ادائیں**　　تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۲۰۰ صفحات　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ

حدیث کی جلیل القدر کتاب ”شمائل ترمذی“ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مبارک معمولات، عادات اور اخلاق پر مشتمل ہے۔ علماءِ کرام اور محدثین نے ”شمائل ترمذی“ کی شروح اپنے اپنے انداز میں لکھی ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی محبت کا اظہار کیا ہے۔

مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ نے ۱۶۰۸ صفحات پر مشتمل تین جلدوں میں شرح تحریر فرمائی ہے۔ عام قاری کے استفادے کو آسان بنانے کے لیے اس کے مختلف ابواب علیحدہ علیحدہ بھی شائع کیے ہیں۔ ”محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی



© rasailojaraid.com